۷۸۶/۹۲

سلام محمدی ﷺ چہل میم غیر منقوط

نقش تحفۂ روحانی وحل المشکلات

مَعَ اسْمِ اللہِ الْمَلِكِ السَّلٰمِ

م	ح	م	د	صلی اللہ علیہ وسلم
ح	م	د	م	صلی اللہ علیہ وسلم
م	د	م	ح	صلی اللہ علیہ وسلم
د	م	ح	م	صلی اللہ علیہ وسلم

اس نقش کو دیکھنے والے کی
ہر مشکل حل ہوگی انشاء اللہ

اَلسَّلٰمُ الْمُحَمَّدِیُّ مِنَ الْمِیْمِ الْاَرْبَعِیْنَ بِدُوْنِ النُّقْطَةِ

۳۰ سلام محمدی ﷺ چہل میم غیر منقوط

مرتب

بموقع شعبان ۱۴۳۹ھ

بفیض روحانی سیدنا محی الدین وسیدنا معین الدین
وحضرات مخدومین سادات چودہوں پیراں رضی اللہ عنہم

محمد عزیز سلطان ناچیز

مَعَ اسْمِ اللہِ الْمَلِكِ السَّلٰمِ ○ اَللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ
لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللہُ صَلِّ كَامِلًا وَّسَلِّمْ دَائِمًا وَّ كَرِّمْ
سَرْمَدًا عَلٰى مَوْلَائِیْ حَمْدِكَ مُحَمَّدٍ حَمْدِ اللہِ
وَ كَرَمِكَ مُحَمَّدٍ كَرَمِ اللہِ وَاَمْرِكَ مُحَمَّدٍ اَمْرِ اللہِ
وَهُوَ مُكَرَّمُكَ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللہِ ○ اَطْلَعَ اللہُ
وَالِدَهٗ كُلَّ الْوَالِدِ وَاُمَّهٗ كُلَّ الْاُمِّ وَاٰلَهٗ كُلَّ الْاٰلِ
وَعَلٰى وَالِدِهٖ وَاُمِّهٖ وَاٰلِهٖ وَالْمَوْلٰى عَلِیٍّ وَّ وَلَدَیْ عَلِیٍّ
وَّاُمِّهِمَا ○ وَمُحْیِ الْاِسْلَامِ وَاٰلِهٖ وَوَالِی الْاِسْلَامِ
وَاٰلِهٖ وَاَحْمَدَ وَلِیِّ اللہِ وَحَوَارِیِّ وَلِیِّ اللہِ وَاٰلِهٖ وَكُلِّ
اُمَمِ رَسُوْلِ اللہِ ﷺ كُلَّ الْحَالِ ○

مراد: اللہ کے اسم کے سہارے کہ وہی مالک وسلامی والا ہے اے ہمارے اللہ ساری حمد اللہ ہی کے لئے ہے واحد اللہ ہی الٰہ ہے، کامل درود دائمی سلام اور سرمدی کرم ہمارے مولیٰ اللہ کی حمد محمد ﷺ کے لئے کہ وہ اللہ کی حمد ہے اور اللہ کے کرم محمد ﷺ کے لئے کہ وہ اللہ کا کرم ہے اور اللہ کا امر محمد ﷺ کے لئے کہ وہ اللہ کا امر ہے اور وہ اللہ کا مکرم محمد ﷺ اللہ کا رسول ہے اللہ کمال دمک والا کئے اس رسول کے والد کو سارے والد سے اور ماں کو ساری ماؤں سے اور آل واولاد کو ساری آل واولاد سے اور (درود وسلام) اس رسول کے والد کے لئے ہو اور ماں کے لئے ہو اور آل کے لئے ہو، مولیٰ علی کے لئے ہو، مولیٰ علی کے لاڈلوں کے لئے ہو اور مولیٰ علی کے لاڈلوں کی والدہ کے لئے ہو، اسلام کے محی کے لئے ہو اور آل کے لئے ہو، اسلام کے مددگار کے لئے ہو اور آل کے لئے ہو اور احمد ولی اللہ کے لئے ہو اور ولی اللہ کے ہم دموں کے لئے ہو اور آل کے لئے ہو، اللہ کے رسول کی ساری امم کے لئے ہو ہر دم۔

توضیحی ترجمہ: اللہ کے اسم کے ساتھ جو مالک ہے سلامتی دینے والا ہے۔ اے ہمارے اللہ تمام تعریف تیرے ہی لئے ہے اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں تو خوب خوب کامل درود دائمی سلام اور سرمدی کرم نازل فرما ہمارے مولیٰ تیری حمد محمد ﷺ پر جو اللہ کی حمد ہے اور تیرے کرم محمد ﷺ پر جو اللہ کا کرم ہے اور تیرے امر محمد ﷺ پر جو اللہ کا امر ہے اور وہ تیرے مکرم محمد ﷺ اللہ کے رسول ہیں کہ جن کے والد (سیدنا عبداللہ رضی اللہ عنہ) کو تو نے تمام والد میں سب سے زیادہ منور کئے اور جن کی ماں (بی بی آمنہ رضی اللہ عنہا) کو تمام ماؤں میں سب سے زیادہ منور کئے اور جن کی آل واولاد کو تمام آل واولاد میں سب سے زیادہ منور کئے اور (درود وسلام نازل ہو) آپ ﷺ کے والد پر اور آپ ﷺ کی والدہ پر اور آل پر، حضرت مولیٰ علی رضی اللہ عنہ پر اور مولیٰ علی کے دونوں لاڈلوں امام حسن وامام حسین علیہما السلام پر اور حسنین کریمین کی والدہ خاتون جنت سیدہ بی بی فاطمہ زہرا رضی اللہ عنہا پر اور دین کے زندہ کرنے والے محی الدین سیدنا شیخ عبدالقادر

جیلانی رضی اللہ عنہ پر آپ کی آل پر اور دین کے مددگار خواجہ معین الدین حسن سنجری پر آپ کی آل پر اور حضرت مخدوم سید احمد ولی اللہ پر، آپ کے اصحاب روحانی پر اور آل پر اور اللہ کے رسول کے سارے امتیوں پر ہر دم۔

فضیلت سلام محمدی ﷺ چہل میم غیر منقوط (۳۰)

یہ ''سلام محمدی ﷺ چہل میم'' جو کہ چالیس میم کے ساتھ بغیر نقطے والے حروف پر مشتمل ہے اس کا ترجمہ بھی غیر منقوط ہے جس کو سمجھنے کے لئے توضیحی ترجمہ شامل ہے جو شخص اس درود کو روزانہ ۱۱/۴۰ بار پڑھنے کا اپنا معمول بنائے گا اسے اللہ ورسول کی خوشنودی حاصل ہوگی اور اسے عمر کی درازی حاصل ہوگی، دنیوی واخروی حاجتیں پوری ہونگی اور وہ جملہ بلیات سے محفوظ رہیگا اور ایمان پر خاتمہ ہوگا۔ ان شاء اللہ تعالیٰ

نوٹ: آستانۂ حضرات مخدومین سادات چودہوں پیراں رضی اللہ عنہم سے متعلق جملہ مطبوعات مثلاً درود روحانی ودعائے قلبی، درود محمدی ﷺ، سلام محمدی ﷺ مع اسرار ''م ح م د'' اور درود چہل میم وغیرہ www.syed14peer.com پر ملاحظہ کرسکتے ہیں۔

Mo. 9695435877

آستانہ حضرات مخدومین سادات چودہوں پیراں (علیہم الرحمۃ والرضوان) الہ آباد

www.syed14peer.com